


# الفلاح روشنی

## ایجوکیشن پلان

Jubilee
LIFE INSURANCE

ALFALAH myLife
Bancassurance

BANK ALFALAH

والدین ہونے کے ناطے اپنے بچوں کے خوابوں اور خواہشات کی تکمیل ہماری ترجیح ہوتی ہے۔ہم انہیں بہتر سے بہتر دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

جوبلی لائف آپکے بچوں کی تعلیم کے لئے روشنی پلان پیش کرتی ہے تاکہ آپکے پیارے آپکی غیر موجودگی میں بھی مالی طور پر مستحکم اور محفوظ رہیں یہ ایک لائف انشورنس پراڈکٹ ہے جو کہ خاص طور پر بچت کے لئے بنایا گیا ہے تاکہ آپکے بچوں کو لچکدار تعلیمی فوائد حاصل ہوسکیں۔

## میرے لئے روشنی پلان کیوں ضروری ہے؟

اپنے بچوں کی بھلائی آپکی سب سے بڑی ترجیح ہوتی ہے مگر مہنگائی کے اس دور میں یہ آپ اور آپکے خاندان پر مالی دباؤ کا باعث ہے۔اس لئے یہ ضروری ہے کہ آپ ابھی سے عقلمندی سے بچت کریں تاکہ انکا مستقبل ایسا ہی ہو جیسا کہ آپ نے ابھی سے پلان کیا ہے۔

روشنی، ایک چائلڈ ایجوکیشن پلان ہے جو بینک الفلاح کے ذریعے آفر کیا جاتا ہے۔ یہ پلان آپکو اپنی مرضی کے لائف انشورنس کوریج کے انتخاب کی سہولت دیتا ہے۔آپ اپنے پلان کی مدت کا انتخاب کرسکتے ہیں، مزید فوائد کا اضافہ کرسکتے ہیں تاکہ آپکا پلان آپکے بچوں کے مستقبل کے لئے آپکی مالی حفاظت بھی کرسکے۔

## میں روشنی سے کس طرح فائدہ اُٹھا سکتا ہوں؟

آپ کو درج ذیل تین مراحل پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

| | |
|---|---|
| مرحلہ 1 | سالانہ بنیاد پر کم از کم رقم (پریمیئم کا فیصلہ کرنا، جو آپ ہر سال ادا کرسکیں۔آپ پریمیئم سالانہ، ششماہی، سہ ماہی اور ماہانہ بنیادوں پر ادا کرسکتے ہیں۔ |
| مرحلہ 2 | دیئے گئے آپشنز میں سے اپنی ضرورت کے مطابق بہتر کوریج کا انتخاب کریں۔ |
| مرحلہ 3 | منصوبے میں اضافے کے لئے اختیاری فوائد میں سے کسی کا انتخاب کریں۔ |

## کیا میں روشنی کا اہل ہوں اور اس کی مدت کتنی ہے؟

اگر آپ کی عمر 18 سال سے 65 سال کے درمیان ہے تو آپ روشنی کے لئے اہل ہیں۔منصوبے کی دستیاب مدت کی حد 10 سے 57 سال تک ہے۔

## روشنی کون سے تحفظ پیش کرتا ہے؟

روشنی خاص طور سے آپ کے بچوں کی تعلیم، کیریئر اور شادی کے سنگ میل کو عبور کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔جب کہ اس امر کو بھی یقینی بنایا گیا ہے کہ منصوبہ کی مدت کے دوران بیمہ دار کے بے وقت انتقال کر جانے کی صورت میں خاندان کو یہ مراحل طے کرنے میں کوئی دشواری پیش نہ آئے۔

- ڈیتھ بینیفیٹ: (Death Benefit)

روشنی ایک لچکدار منصوبہ ہے جو آپ کو آپ کی پسند کے مطابق سم ایشورڈ کے انتخاب کا موقع فراہم کرتا ہے۔

اپنی انشورنس اور بچت کی ضروریات کے مطابق کور ملٹیپل (پیش کردہ 3 سے 254)* کو اپنے سالانہ بنیادی پریمیئم سے ضرب سے کر آپ سم ایشورڈ کا تعین کرسکتے ہیں۔مثال کے طور پر اگر آپ کا سالانہ بنیادی پریمیئم -/100,000

روپے ہے اور آپ کا منتخب کردہ ملٹی پل 10 ہے تو آپ کا سم ایشورڈ 10X100,000=-/10,00,000 ہوگا۔
اگر بیمہ دار منصوبہ کی مدت کے دوران انتقال کر جاتا ہے، تو ورثاء سم ایشورڈ یا کیش ویلیو میں سے جو بھی زیادہ ہوگا لینے کے اہل ہوں گے۔

*پالیسی ہولڈر کو دستیاب کور ملٹیپلز کی رینج کا انحصار پلان خریدتے وقت لائف ایشورڈ کی عمر پر ہے۔

- **تکمیلی فائدہ: (Maturity Benefit)**

منصوبے کی مدت کے اختتام پر پالیسی ہولڈر کو منصوبے کی مدت کے دوران یکمشت کیش ویلیو ادا کردی جائے گی۔

**نوٹ:**
اپنی بچت اور انشورنس ضروریات کے مطابق مطلوبہ کوریج کا انتخاب کے بارے میں سمجھنے کے لئے، بینک الفلاح کی قریبی برانچ میں ہمارے نمائندے سے رابطہ کریں۔

## روشنی کے حصول کے لئے کتنا پریمیئم ادا کرنے کی ضرورت ہوگی؟

پریمیئم سالانہ، ششماہی، سہ ماہی یا ماہانہ بنیاد پر ادا کیا جاسکتا ہے۔ کم سے کم پریمیئم ذیل کے جدول کے مطابق ادا کیا جاسکتا ہے۔

| فریکوئنسی | کم از کم رقم |
|---|---|
| سالانہ | 36,000روپے |
| ششماہی | 18,000روپے |
| سہ ماہی | 9,000روپے |
| ماہانہ | 5,000روپے |

## میری ادائیگی کو کس طرح مختص کیا جائے گا؟

روشنی پلان کے لئے آپ کی ادائیگی کو اس طرح مختص کیا جائے گا:

| پالیسی سال | پہلا | دوسرا | تیسرا | چوتھا اور زائد | ایڈ ہاک |
|---|---|---|---|---|---|
| فیصد کے حساب سے پریمیئم کی یونٹ اکاؤنٹ میں تقسیم | 40% | 80% | 100% | 103% | 100% |

## جوبلی لائف میری ادائیگی کو روشنی میں کس طرح استعمال کرے گی؟

جوبلی لائف آپ کو نیچے دیئے گئے فنڈز میں مکمل یا کسی ایک میں آپ کو لچکدار سرمایہ کاری کی پیش کش کرتی ہے۔

| | |
|---|---|
| **مینجڈ فنڈ** | متوازن سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لئے یہ فنڈ ڈیزائن کیا گیا ہے۔ |
| **میثاق فنڈ** | سود سے پاک ریٹرن (return) کے لئے یہ فنڈ ڈیزائن کیا گیا ہے۔ |
| **کیپٹل گروتھ فنڈ** | زیادہ سے زیادہ منافع کے حصول، بذریعہ حصص (شیئرز)، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس اور بینک ڈپازٹس میں سرمایہ کاری کے لئے یہ فنڈ ڈیزائن کیا گیا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| **یقین گروتھ فنڈ** | کم سے کم متاثر ہونے والی سرمایہ کاری سے زیادہ منافع حاصل کرنے کے لئے یہ فنڈ ڈیزائن کیا گیا ہے۔ |

آپ کی پسند سے آپ کی رقم کی سرمایہ کاری فنڈز (مینیجڈ، میثاق، کیپٹل گروتھ یا یقین گروتھ فنڈ) میں کی جائے گی، جو ماہر انویسٹمنٹ کے زیرنگرانی ہوتے ہیں جو سرمایہ کاری کے کم خطرناک مواقعوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ منصوبے کی مدت کے دوران آپ کی ادائیگی پر سرمایہ کاری کی جائے گی۔ منتخب مدت کے اختتام پر آپ یکمشت کیش ویلیو وصول کریں گے۔

## کیا میں اپنے خلاف دیگر خطرات کا احاطہ کرسکتا ہوں؟

روشنی ایک لچکدار منصوبہ ہے جو آپ کو آپ کی ضرورت کے مطابق اضافی اختیاری رائیڈرز کے انتخاب کا موقع فراہم کرتا ہے، ایک معمولی قیمت کے ساتھ؟

| | |
|---|---|
| **فیملی انکم بینیفیٹ** | بیمہ دار کی موت واقع ہونے کی صورت میں بیمہ دار کے ورثاء کو روزمرہ کے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے منصوبے کے اختتام تک باقاعدہ اضافی رقم ادا کی جائے گی جو دیگر اضافی فوائد کے علاوہ ہوگی۔ |
| **پیچیدہ بیماری** | کسی پیچیدہ بیماری کی تشخیص کی صورت میں آپکو موت کی صورت میں ملنے والا فائدہ اضافی دیا جائے گا۔ |
| **اسپتال کے اخراجات کے لئے نقد رقم** | اسپتال میں داخل ہونے پر آپ کو یومیہ (-/3,000 روپے) تک فوائد حاصل ہوں گے۔ مخصوص شدید بیماریوں میں سے کسی بیماری کی وجہ سے اسپتال میں داخل ہونے پر یہ فوائد دگنے ہوں گے۔ انتہائی نگہداشت کے شعبہ میں داخل ہونے کی صورت میں 50 فیصد اضافی فوائد حاصل ہوں گے۔ ان فوائد سے شریک حیات اور بچوں کا بھی احاطہ کیا جاسکتا ہے۔ |
| **حادثاتی موت** | حادثاتی موت کی صورت میں آپ کو اضافی تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ حادثاتی موت کی صورت میں اس فائدے کے تحت سم ایشورڈ کے برابر ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ |
| **حادثاتی موت یا معذوری** | کسی حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں آپکو ایک اضافی رقم آپکو ادا کی جائے گی۔ |
| **مکمل دائمی معذوری** | مکمل دائمی معذوری ہونے پر موت کی صورت میں ملنے والا فائدہ گنا ہو جائے گا۔ |
| **پریمیئم کی ادائیگی میں چھوٹ** | آپ کا پریمیئم آئندہ ادائیگی کی تاریخ تک جوبلی لائف کی جانب سے ادا کیا جائے گا، اس صورت میں کہ آپ کسی بیماری یا معذوری کی وجہ سے اپنے علم، تربیت یا تعلیم کے لحاظ سے کم از کم چھ ماہ تک اپنے فرائض سرانجام دینے سے قاصر ہوں۔ |

## کیا روشنی مجھے اپنے فنڈز سے یکمشت رقم واپس لینے کی اجازت دیتا ہے؟

جی ہاں۔ روشنی کے تحت آپکو اپنے فنڈز کی کیش ویلیو (جزوی یا کلی طور پر) نکالنے کا اختیار ہے بشرطیکہ آپ نے دو سال

کامکمل پریمیئم ادا کیا ہو۔آپکو درج ذیل آپشنز پیش کیئے جاتے ہیں۔

### جزوی دستبرداری (Partial Withdrawal)

اگر آپ کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے اپنی رقم نکلوانا چاہتے ہیں،لیکن پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے تو آپ پالیسی کے دوسال مکمل ہونے کے بعد جتنی رقم چاہیں نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ آپ کی پالیسی کی بقایا کیش ویلیو کمپنی کی طرز سے مقررہ حد -/36000 روپے کے برابر یا اس سے زائد ہو۔کمپنی کیش ویلیو کی کم از کم رقم پر نظر ثانی کرسکتی ہے۔

### مکمل دستبرداری (Full Policy Surrender)

اگر پالیسی کے دوسال مکمل ہونے پر آپ نے دوسال کا مکمل پریمیئم ادا کیا ہوتو آپ اپنی پالیسی سے دستبردار ہوسکتے ہیں۔ دستبرداری کے وقت آپ کو فنڈز کی کیش ویلیو یکمشت ادا کی جائے گی تاہم پالیسی کے ابتدائی سالوں میں دستبرداری کے نتیجے میں کیش ویلیو کم ہوسکتی ہے۔

## کیا روشنی میں دیگر تعمیری خصوصیات ہیں؟

### آٹو میٹک کور مینٹینینس:

اگر آپ نے دوسال کا مکمل پریمیئم ادا کیا ہو اور کسی وجہ سے اپنے پریمیئم کی ادائیگی کرنے سے قاصر ہیں تو آپ پھر بھی انشورنس کور کے اہل ہوں گے۔تاوقت یہ کہ آپ کے منصوبے کی کیش ویلیو آپ کی پالیسی سے کی جانے والے چارجز کی ادائیگی کے لئے کافی ہو۔

### ٹاپ اپ پریمیئم (ایڈہاک پریمیئم):

دیئے گئے کسی بھی سال میں آپ اپنے منصوبے میں اضافی سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں تو روشنی آپ کو اس سرمایہ کاری میں اضافہ کی اجازت دیتا ہے تاکہ آپ کی کیش ویلیو میں اضافہ ہوسکے۔

## روشنی پر کون سے چارجز* لاگو ہوں گے؟

ابتدائی سالوں میں کم تر اضافے کے ساتھ پلان پر مندرجہ ذیل چارجز* بھی لاگو ہوں گے:

| | |
|---|---|
| انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارجز | فنڈز ویلیو کا 1.5 فیصد سالانہ |
| انتظامی فیس | 55 روپے ماہانہ |
| بڈ/ آفر اسپریڈ | 5فیصد |
| مورٹیلیٹی چارجز | لاگو ہوں |
| رائیڈرز چارجز | اُس صورت میں ہوں گے اگر آپ نے کوئی رائیڈر منتخب کیا ہو۔ |

* کمپنی تمام معاوضوں پر نظر ثانی کرسکتی ہے۔

### مفت تجرباتی دورانیہ (Free Look Period)

جوبلی لائف آپ کو 14 دن کے مفت تجرباتی دورانیے (Free Look Period) کی سہولت پیش کرتی ہے تاکہ آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکیں،اگر ضروری ہو۔آپ کی جانب سے تحریری درخواست جو پالیسی دستاویز جاری ہونے کے 14 دنوں میں وصول ہوگی آپ کا پریمیئم واپس کردیا جائے گا۔جوبلی لائف کو یہ اختیار ہے کہ وہ آپ کے طبی تجزیوں کی مد میں پانے والے اخراجات منہا کرے،اگر کوئی ہوں تو۔

## جوبلی لائف فنڈز کے یونٹوں کی قیمتوں کے بارے میں مجھے معلومات کہاں سے حاصل ہوں گی؟

جوبلی لائف فنڈز کے یونٹ کی قیمتیں تمام اہم اخبارات میں شائع ہوتی ہیں اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ www.jubileelife.com پر بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔

## Always at your Service

Call 111-225-111 for 24/7 customer support, stopover at your nearest branch or visit www.bankalfalah.com